© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**ماہنامہ عروجِ اسلام لاہور** | مدیر مسئول: جناب میاں محمد نوشہروی صاحب۔ سالانہ چندہ پانچ روپے۔ فی پرچہ ۸ آنے۔ مقام اشاعت: ادارہ عروجِ اسلام حسین آباد، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔

اس رسالہ کے مدیر ایک صاحب جذبہ بزرگ ہیں وہ عرصہ دراز سے پرویز صاحب کے افکار و نظریات پر تنقید فرما رہے ہیں۔ اب انہوں نے اسی مقصد کے لیے یہ رسالہ جاری کیا ہے۔ ہمارے سامنے اس وقت اس کا دوسرا شمارہ ہے۔ اس کے چند عنوانات یہ ہیں: احوال و کوائف مودودی اور پرویز، وضو میں پاؤں دھونے کا حکم، حقیقی اسلام۔ جو حضرات اس قسم کے مباحث سے دلچسپی رکھتے ہوں وہ اسے مندرجہ بالا پتہ سے چندہ بھیج کر منگوا سکتے ہیں۔

**ماہنامہ باغ و بہار لاہور** | ترتیب دینے والے: ایچ۔ یو۔ خاں صاحب۔ مقبول جہانگیر صاحب۔ سالانہ چندہ چار روپے آٹھ آنے۔ فی پرچہ چھ آنے۔ مقام اشاعت ۱۱ بسی شاہ عالم مارکیٹ، لاہور

بچوں کا یہ ماہنامہ بڑی امنگوں کے ساتھ جاری ہوا ہے۔ اس میں بچوں کے ذوق اور نفسیات کا پورا پورا خیال رکھتے ہوئے اس قسم کی معلومات اور کہانیاں جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ بچوں کے دل میں خدا ترسی، شرافت اور عزتِ نفس کا جذبہ پیدا ہو۔ پرچے کا ٹائیٹل دیدہ زیب ہے۔ البتہ کتابت اور طباعت میں بہت زیادہ اصلاح کی ضرورت ہے۔

---

© rasailojaraid.com